

# ۱۵۔ میرا ضلع، میری ریاست



## آئیے یہ کر کے دیکھیں





آپ کے ماحول میں پائے جانے والے کسی بڑے درخت کا ذیل کے نکات کی روشنی میں مشاہدہ کیجیے۔

(۱) درخت کے مختلف حصّے کون سے ہیں؟

(۲) ان میں سے کون کون سے حصّے درخت پر بیشتر وقت نظر آتے ہیں؟

(۳) درخت کا سب سے چھوٹا حصّہ کون سا اور وہ کس سے جُڑا ہوا ہے؟

(۴) درخت کو اَن گنت چھوٹی چھوٹی ٹہنیاں ہوتی ہیں۔ وہ کس سے جُڑی ہوتی ہیں؟

(۵) درخت کے تنے سے نکلتی بڑی شاخوں کی تعداد کتنی ہے؟

درخت تیار ہونے کے لیے پتّے، ٹہنیاں، شاخیں، تنے وغیرہ کئی حصّوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہماری ریاست بھی اسی طرح چھوٹی چھوٹی بستیوں، گاؤں، تعلقوں اور ضلعوں سے مل کر بنی ہے۔ آئیے سامنے کے صفحے پر تصویر کی مدد سے سمجھیں گے۔




## کیا آپ جانتے ہیں؟


انسان زراعت کرنے لگا۔ اس کے کھیت پانی کے قریب تھے۔ وہ کھیت کے قریب بستی بسانے لگا۔ اس طرح بستیاں بستی گئیں۔ یہ بستیاں آگے چل کر گاؤں میں تبدیل ہوئیں۔ گاؤں بڑھ کر شہر بن گئے۔




## بتائیے تو بھلا

- نیچے دیے ہوئے گاؤں، تعلقے، ضلعے اور ریاست مختلف رنگوں سے رنگیے۔








- دی ہوئی تصویر کے ذریعے 'گاؤں'، گاؤں سے 'تعلقہ'، تعلقوں سے 'ضلع' اور ضلعوں سے 'ریاست' کس طرح وجود میں آئے، سمجھیے۔



## نقشہ سے دوستی

ذیل میں ہماری ریاست کا طبعی نقشہ دیا ہوا ہے۔ نقشے کا بغور مشاہدہ کیجیے اور سوالوں کے جواب بیاض میں لکھیے۔



(۱) ہماری ریاست میں شمالاً جنوباً پھیلے ہوئے پہاڑ کا کیا نام ہے؟

(۲) اس پہاڑ کی مغربی جانب کی زمین کے حصّے کو کیا نام دیا ہوا ہے؟

(۳) یہ حصّہ کس سمندر سے جُڑا ہوا ہے؟

(۴) سہیادری پہاڑ کے مشرقی علاقے کو کیا کہتے ہیں؟

(۵) ہماری ریاست میں شمال میں واقع پہاڑ کا کیا نام ہے؟

(۶) ہماری ریاست میں کون سی ندی مشرق سے مغرب کی جانب بہتی ہے؟

(۷) شمال مغرب سے جنوب مشرق کی سمت بہنے والی کوئی دو ندیوں کے نام لکھیے۔

(۸) سہیادری پہاڑ سے نکل کر بحرِعرب سے ملنے والی کوئی دو ندیوں کے نام لکھیے۔

(۹) سہیادری پہاڑ سے نکل کر مشرق کی جانب پھیلا ہوا پہاڑی سلسلہ تلاش کیجیے اور اس کا نام لکھیے۔

(۱۰) نقشے میں سے کسی تین بند کے نام لکھیے۔

(۱۱) یہ بند کون کون سی ندیوں پر ہیں؟

(۱۲) سہیادری پہاڑی کے گھاٹوں کے نام لکھیے۔



## کیا آپ جانتے ہیں؟

(۱) ریاست مہاراشٹر کی راجدھانی ممبئی ہے اور ذیلی راجدھانی ناگپور ہے۔

(۲) طبعی بناوٹ کے لحاظ سے مہاراشٹر کے تین اہم حصّے ہوتے ہیں۔ ساحلی علاقہ، پہاڑی علاقہ، سطح مرتفع کا علاقہ۔

(۳) گوداوری مہاراشٹر کی سب سے لمبی ندی ہے۔

(۴) مہاراشٹر کے شمالی حصّے میں ست پُڑا کا پہاڑی سلسلہ ہے۔ اس پہاڑی سلسلے میں اَستمبھا سب سے اونچی چوٹی ہے۔


(۵) سہیادری پہاڑ کو **'مغربی گھاٹ'** بھی کہتے ہیں۔ اس پہاڑی سلسلے میں **'کلسو بائی'** مہاراشٹر کی سب سے اونچی چوٹی ہے۔

(۶) ریاست کے مغرب میں بحرِعرب واقع ہے۔




## بتایئے تو بھلا

دیے ہوئے نقشے میں ہماری ریاست کے زیادہ، اوسط اور کم بارش کے علاقے بتائے گئے ہیں۔ بارش کا زراعت پر اثر پڑتا ہے۔ اگلے صفحے پر ایک جدول دی ہوئی ہے۔ اس میں زیادہ، اوسط اور کم بارش کے علاقوں میں اُگنے والی فصلیں دی ہوئی ہیں۔ نقشہ اور جدول کی بنا پر دی ہوئی سرگرمی کیجیے۔



پچھلے صفحے پر دیا ہوا بارش کا نقشہ اور ذیل میں دی ہوئی فصلوں کی جدول دیکھیے۔ اس کی مدد سے تلاش کیجیے کہ کون سی فصلیں مہاراشٹر کے کس علاقے میں پیدا ہوتی ہیں۔ ذیل میں نقشہ دیا ہوا ہے۔ اس میں اشاریہ دیا ہوا ہے۔ اس میں موجود نشانات کا استعمال کر کے اس نقشے میں بارش کے لحاظ سے فصلوں کی تقسیم بتائیے۔

| بارش کے علاقے اور اہم فصلیں | | |
|---|---|---|
| زیادہ | اوسط | کم |
| چاول | جوار<br>تور<br>سویابین | جوار<br>باجرہ<br>مکئی |




کھیتوں کی فصلوں کا انحصار موسم، مٹّی اور پانی کی دستیابی پر ہوتا ہے۔ مہاراشٹر کے مختلف علاقوں میں کم یا زیادہ بارش ہوتی ہے۔ اس لیے پیداوار بھی مختلف ہوتی ہے۔ زراعت مہاراشٹر کا اہم پیشہ ہے۔


ریاست میں بیشتر زراعت برسات پر منحصر ہے۔ وہ 'خشک زراعت' کہلاتی ہے۔ کچھ مقامات پر آبپاشی کے ذریعے بھی زراعت کی جاتی ہے۔ اس کو 'باغاتی زراعت' کہتے ہیں۔

برسات میں زراعت سے حاصل ہونے والی فصلیں 'خریف کی فصلیں' کہلاتی ہیں۔ سرما میں حاصل ہونے والی فصلیں 'ربیع کی فصلیں' کہلاتی ہیں۔



## بتائیے تو بھلا

- نقشے کا مشاہدہ کر کے ذیل کی سرگرمی کیجیے۔




(۱) انگور کی فصل بتانے والے ضلعوں کے نیچے لکیر کھینچیے۔

(۲) کپاس کی فصل کے ضلعوں کے نام کے گرد ◯ بنائیے۔

(۳) ضلع تھانہ کی فصلوں کے نشان کے گرد ◯ بنا کر ان کے نام بیاض میں لکھیے۔

(۴) ناریل کی فصل کن اضلاع میں زیادہ ہوتی ہے؟ بیاض میں لکھیے۔

(۵) سنترے کی فصل کن اضلاع میں زیادہ ہوتی ہے، تلاش کیجیے اور مختلف رنگ سے رنگیے۔

اوپر کی تمام فصلیں آبپاشی پر منحصر ہیں۔ موسم اور مٹی کے لحاظ سے ان کی تقسیم سمجھ میں آتی ہے۔ ان کو نقدی فصلیں یا تجارتی فصلیں بھی کہتے ہیں۔ ان فصلوں کے لیے کیمیائی کھاد اور دوائیں استعمال ہوتی ہیں۔



## اسے ہمیشہ ذہن میں رکھیں

فصل کی زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لیے کیمیائی کھادوں اور دواؤں کا استعمال بڑھ گیا ہے لیکن اس کی وجہ سے مٹی کی آلودگی بڑھتی ہے۔ ہمیں کیمیائی کھادوں کا استعمال کم سے کم کرنا چاہیے۔ قدرتی کھادوں کا استعمال زیادہ کریں۔ اس سے ماحول کو ہونے والے نقصان سے بچا جا سکتا ہے۔



## آئیے یہ کر کے دیکھیں

(۱) کسی کھیت/ باغ میں جائیے۔ مختلف موسموں میں وہاں پیدا ہونے والی فصلوں کی فہرست بنائیے۔

(۲) کھیت میں آبپاشی کی کون کون سی سہولتیں ہیں؟ اس کے بارے میں کسان سے گفتگو کیجیے۔


(۳) معلوم کیجیے کہ زراعت پر کن کن چیزوں کا اثر ہوتا ہے۔


- آپ کو معلوم ہوگا کہ ایک ہی کھیت میں کئی قسم کی فصلیں اُگائی جاتی ہیں۔ زراعت کے لیے پانی بے حد ضروری ہے۔



## آئیے دماغ پر زور دیں

ذیل میں اپنی ریاست کے انتظامی حصّے دیے ہوئے ہیں۔ ان کا مشاہدہ کر کے دیے ہوئے ریاست کے نقشے میں ان حصّوں کو مختلف رنگوں سے دِکھائیے۔







**اساتذہ کے لیے**

۱۔ انتظامی تقسیم کی معلومات پوری تفصیل سے سکھانا متوقع نہیں ہے۔

۲۔ جہاں ضروری ہو رہنمائی کریں۔





## زبان اور بولی

ریاست مہاراشٹر یکم مئی ۱۹۶۰ء کو وجود میں آئی۔ ہندوستان کی ریاستیں زبان کی بنیاد پر تقسیم کی گئی ہیں۔ 'مراٹھی' مہاراشٹر کی ریاستی زبان ہے۔ زبان کے معاملے میں ہماری ریاست میں یکسانیت اور تنوّع دونوں نظر آتے ہیں۔ مختلف علاقوں میں مراٹھی کے تلفظ میں فرق محسوس ہوتا ہے۔ اس لیے ریاست کی بولی میں بھی فرق پایا جاتا ہے۔ اس فرق کو ہمیں خوش دلی سے قبول کرنا چاہیے۔

| مختلف حصّے | مراٹھی کی چند بولیاں |
|---|---|
| کوکن | کوکنی، مالوَنی |
| وِدربھ | ورھاڑی |
| خاندیس | اہیرانی (خاندیسی) |

گورماٹی، کولامی، کورکو وغیرہ مہاراشٹر کے ادی واسیوں (قبائل) کی روایتی بولیاں ہیں۔

### بتائیے تو بھلا







اپنی ریاست میں روایت کے لحاظ سے تقریب، تہوار، جشن میں فرق پایا جاتا ہے۔ عید، دیوالی، دسہرہ، کرسمس وغیرہ تہوار تمام لوگ مناتے ہیں۔ کوکن میں نارلی پورنیما، ہولی، گنیش اُتسو جیسے اہم تہوار خاص طور پر منائے جاتے ہیں۔ سطح مرتفع کے علاقے میں عید الفطر، عید الاضحیٰ، دسہرہ، دیوالی، بیل پولا وغیرہ بڑے پیمانے پر منائے جاتے ہیں۔ ۱۵ر اگست اور ۲۶ر جنوری جیسے قومی تہوار پورے ملک میں جوش وخروش سے منائے جاتے ہیں۔





## کیا کریں گے بھلا

ظفر اور انور آپ کے شہر میں آئے ہوئے ہیں۔ انھیں آپ کے ضلع کی مشہور کھانے کی چیز لے جانا ہے۔ آپ ان کے ساتھ کھانے کی کون سی چیز دیں گے؟

## آیئے دماغ پر زور دیں

- معلوم کیجیے کہ گاؤں، تعلقہ، ضلع، ریاست اور ملک انسان کے بنائے ہوئے ہیں یا قدرتی ہیں۔

## ہم نے کیا سیکھا ؟

⌘ اپنی ریاست کی طبعی بناوٹ۔
⌘ موسم، مٹی اور پانی کے لحاظ سے فصلوں میں تنوّع ہوتا ہے۔
⌘ ریاستی زبان مراٹھی اور مراٹھی زبان کی بولیاں۔
⌘ تہوار-تقریب میں تنوّع۔

## مشق

### (الف) نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

(۱) مہاراشٹر میں سنترے کی فصل کہاں ہوتی ہے؟
(۲) ناریل، سپاری، آم یہ فصلیں ریاست کے کون سے علاقوں میں ہوتی ہیں؟
(۳) آپ کے علاقے میں بولی جانے والی مراٹھی زبان کی بولی کا نام لکھیے۔
(۴) مہاراشٹر کے مشرق میں شمال سے جنوب کی طرف بہنے والی ندی کا نام لکھیے۔
(۵) ریاست کے کون کون سے اضلاع میں جوار کی فصل اُگاتے ہیں؟
(٦) یکم مئی اپنی ریاست میں کیوں منایا جاتا ہے؟

GZJK8S

### (ب) عملی کام کیجیے : اپنے پسندیدہ تہوار کی تصویر بنایئے۔

## سرگرمی

- اپنے ضلع کی آب و ہوا کے بارے میں معلومات حاصل کیجیے اور اس کے لحاظ سے ضلع میں کون سی اہم فصلیں اُگتی ہیں، اس کا اندراج کیجیے۔

***